بالآخر لاہور قلندرز نے ملتان سلطانز کی فتوحات کے آگے بند باندھ دیا

لاہور، 11 فروری 2022ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے 17 ویں میچ میں لاہور قلندرز نے ملتان سلطانز کو 52 رنز سے شکست دے کر ٹورنامنٹ میں جاری دفاعی چیمپئن کی مسلسل فتوحات کے آگے بند باندھ دیا ہے۔

183 رنز کے تعاقب میں ملتان سلطانز کی پوری ٹیم 130 رنز پر ہمت ہار گئی۔ لاہور قلندرز کی یہ ٹورنامنٹ میں چوتھی کامیابی ہے۔ وہ اب آٹھ پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل پر دوسری پوزیشن پر بھی پہنچ چکے ہیں۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں ملتان سلطانز کی ٹیم پہلی مرتبہ ٹورنامنٹ میں دباؤ میں نظر آئی۔ لاہور قلندرز کی نپی تلی باؤلنگ کے سامنے ملتان سلطانز کا کوئی بھی بیٹر زیادہ دیر مزاحمت نہ کرسکا اور یکے بعد دیگرے آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹتا رہا۔

ملتان سلطانز کے صرف چار بیٹرز ہی ڈبل فگرز میں داخل ہوسکے۔ صہیب مقصود 29، ٹم ڈیوڈ 24 ، خوشدل شاہ 22 اور محمد رضوان 20 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔

زمان خان نے تین جبکہ حارث رؤف، شاہین شاہ آفریدی اور راشد خان نے دو دو کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

اس سے قبل ملتان سلطانز کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے لاہور قلندرز نے مقررہ بیس اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنائے تھے۔ پانچ کے مجموعی اسکور پر ان فارم اوپنر عبداللہ شفیق کی وکٹ گنوانے کے باوجود لاہور قلندرز کے بیٹرز کامران غلام اور اوپنر فخر زمان نے میچ میں واپسی کرتے ہوئے 86 رنز کی عمدہ شراکت قائم کی۔

فخر زمان نے 37 گیندوں پر 162 کے اسٹرائیک ریٹ سے 60 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 5 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ کامران غلام نے 6 چوکوں کی بدولت 42 رنز اسکور کیے۔ رہی سہی کسر محمد حفیظ اور فل سالٹ نے نکال دی۔ محمد حفیظ نے 29 گیندوں پر ایک چوکے اور 3 چھکوں کی مدد سے 43 رنز کی اننگز کھیلی۔ فل سالٹ 13 گیندوں پر 26 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔

انور علی، عمران طاہر، شاہنواز دھانی اور عباس آفریدی نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

HBL Jubilee TikTok Brighto J. almirah PARKVIEW CITY OSAKA BATTERIES SK ZIC MOTOR OIL dafanews Golootlo
A Sports PTV Sports Daraz FM 106.2 bookme.pk CRICWICK TAPAL Truly yours INVEREX

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4